سوال

(304) نوحہ کرنے کے بارے میں ایک روایت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک برائے نام مولوی صاحب نے ایک ماتمی تعزیتی اجتماع میں بیان کیا کہ دو قسم کے انسان ہمیشہ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔

1۔ نوحہ کرنے والی مسلمان عورت۔

2۔ جس مسلمان نے کسی مسلمان کی توہین کردی ہو۔

مذکورہ مولوی صاحب نے کہا کہ حوالہ حدیثوں میں موجود ہے، مولویوں سے پوچھ لیں۔ آپ فرمائیں کہ کیا یہ درست ہے کہ مذکورہ بالا دو قسم کے مسلمان واقعی ابدی دوزخی ہیں۔ مولوی صاحب نے کہیں عمداً جھوٹ تو نہیں کہا؟ مجلس میں موجود ایک مستند عالم دین نے کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ آپ سے گزارش ہے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں مختصر جواب سے آگاہ فرمائیں۔ (محمد صدیق سلفی ایبٹ آباد)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نوحہ اور توہین مسلم دو ایسے جرم ہیں، جن پر شدید وعیدیں وارد ہیں لیکن قلت فہم نصوص کی وجہ سے خوارج کی طرح مسلمانوں کی تکفیر کرکے انھیں ابدی جہنمی قرار دینا غلط ہے۔ نصوص متواترہ سے ثابت ہے کہ صحیح العقیدہ گناہ گار آخر کار دوزخ سے نکال دیئے جائیں گے۔ والحمد للہ۔

مولوی صاحب کی بیان کردہ روایت میرے علم میں نہیں ہے۔ (شہادت، اکتوبر 2000ء)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

محدث فتویٰ